## بانی وقائد تحریک الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 25 ویں برسی ملک بھر میں عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی

## برسی کے سلسلے میں ملک بھر میں ایم کیوایم کے دفاتروں پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے

## مرحومہ کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا، مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد کراچی میں منعقد ہوا

## قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات میں رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، سینیٹرز، ارکان اسمبلی، ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی۔۔۔5، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 25 ویں برسی ملک بھر میں عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی اور مرحومہ کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ برسی کے سلسلے میں کراچی سمیت صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبرپختونخواہ، گلگت بلتستان اورآزادکشمیر میں ایم کیوایم کے دفاتروں پرقرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے۔ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی برسی کے موقع پرقرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیزآباد سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال میں منعقد ہوا جس میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی بڑی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرانیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، ڈاکٹرنصرت، کیف الوریٰ، ڈاکٹرصغیراحمد، رضاہارون، مصطفیٰ کمال، کنورخالد یونس، سلیم تاجک، محترمہ نسرین جلیل، واسع جلیل، گلفرازخان خٹک، حق پرست وزراء، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے اراکین، سیکٹرویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں، خواتین اورمرحومہ کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں حق پرست صوبائی وزیربرائے اوقاف عبدالحسیب نے خشوع وخضوع کے ساتھ دعا کرائی جس میں محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی مغفرت، قائدتحریک جناب الطاف حسین سمیت مرحومہ کے تمام سوگواران کیلئے صبرجمیل، حق پرست شہداء کے بلند درجات، اسیرکارکنان کی رہائی، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی کے علاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے پاپوش قبرستان جاکرقائدتحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ اوروالدمحترم نذیرحسین کی قبروں پرحاضری دی اورفاتحہ خوانی کی۔ کراچی کی طرح اندرون سندھ میں ایم کیوایم حیدرآباد، میرپورخاص، نوابشاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہ یار، گھوٹکی، جامشورو، عمرکوٹ، ٹھٹھہ، نوشہروفیروز، بدین، لاڑکانہ، خیرپور، شکارپور، دادو، قمبر شہدادکوٹ، کشمور، جیکب آباد کے زونل دفاتر جبکہ صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم لاہور، راولپنڈی، ملتان، گجرانوالہ، فیصل آباد کے زونل دفاتر اورڈسٹرکٹ دفاتر کے علاوہ صوبہ بلوچستان، خیبرپختونخواہ، گلگت بلتستان اورآزادکشمیر میں محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 25 ویں برسی کے موقع پرقرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے جن میں حق پرست ارکان اسمبلی، زونل، سیکٹر، یونٹ اورڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے اراکین، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔ ملک بھر میں محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی برسی کے موقع پرمنعقدہ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات میں مرحومہ کی مغفرت، بلند درجات، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اوردرازی عمرکیلئے دعائیں کی گئیں۔

## محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کے تحت 6 دسمبر پیرسہ پہر 3 بجے لال قلعہ گراؤنڈعزیزآباد میں علماء کنونشن منعقد ہوگا

## علماء کنونشن سے قائدتحریک جناب الطاف حسین لندن سے فکرانگیز ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔5، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اورشہر میں قیام امن کیلئے مورخہ 6 دسمبر بروز پیرسہ پہر 3 بجے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے علمائے کرام کا اجتماع منعقد ہوگا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے فکرانگیز ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کی جانب سے علماء کنونشن کے سلسلے میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، مشائخ عظام، ذاکرین، مذہبی انجمنوں کودعوت نامے تقسیم کئے جاچکے ہیں جبکہ اسی سلسلے میں تمام تیاریاں آخری مراحل میں داخل ہوچکی ہیں۔

## سوات کے علاقے مالم جبہ میں باراتیوں کی بس کے ہولناک حادثہ میں متعدد باراتیوں کی ہلاکت ورزخمی ہونے پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔5، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات کے علاقے مالم جبہ میں باراتیوں کی بس کے ہولناک حادثے میں متعدد باراتیوں کی ہلاکت اورزخمی ہونے پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے حادثے میں ہلاک ہونے والے تمام افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے

ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ، سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اورزخمی افراد کوجلد ومکمل صحت یابی عطا فرمائے ۔

## میرپورخاص پریس کلب کے صدرمحمودسلطان چانڈیو کے قاتلوں کوگرفتارکیاجائے،الطاف حسین

## محمودسلطان چانڈیوآزادصحافت کے ترجمان تھےاوراسی کاعلم بلندکئے ہوئے تھے

لندن۔۔۔5،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے میرپورخاص پریس کلب کے صدرمحمودسلطان چانڈیو کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاوران کے سفاکانہ قتل کوآزادی صحافت پرحملہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ محمودسلطان چانڈیو آزادصحافت کے ترجمان تھےاوراسی کاعلم بلندکئے ہوئے تھے۔انہوں نےمحمودسلطان چانڈیو کی آزادی صحافت کیلئے جدوجہد کوسراہااوراسے خراج تحسین پیش کرتے ہوئے میرپورخاص پریس کلب کےاراکین،میرپورخاص سے وابستہ صحافتی برادری اورمقتول کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکیااورمقتول کی مغفرت کیلئے دعا کی۔جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ محمودسلطان چانڈیو کے بہیمانہ قتل کاسختی سے نوٹس لیاجائے اوراس میں ملوث سفاک قاتلوں کوفی الفورگرفتارکرکے قرار واقعی سزادی جائے۔

## زرعی آمدنی پرٹیکس لگایاجائےتوموجودہ مالی مشکلات سے نکلاجاسکتاہے،آرجی ایس ٹی ٹیکس کے نفاذ سےغریب ومحدود تنخواداراورتاجربرادری پرمزیدبوجھ پڑےگا، تاجربرادری اتحادایسوسی ایشن کےوفدکی رابطہ کمیٹی کےارکان سےملاقات

کراچی۔۔۔5دسمبر2010ء

آل کراچی تاجر برادری اتحاد کے ایک نمائندہ وفد نے ہفتے کے روزایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہدلطیف اور توصیف خانزادہ سے ملاقات کی۔اس موقع پرحق پرست سینٹرعبدالحسیب خان،رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصوراوررکن صوبائی اسمبلی شعیب ابراہم بھی موجود تھے۔وفد میں صدر بولٹن مارکیٹ،کورنگی مارکیٹ،لیاقت آباد مارکیٹ کے تاجر برادری ودیگرایسوسی ایشن کے مالکان بھی شامل تھے۔ملاقات میں ملک میں موجودہ درپیش معاشی،تجارتی وصنعتوں کی غیریقینی اورعدم استحکام کی صورتحال پرتفصیلی گفتگو کی گئی۔وفدنے حکومت کی جانب سے حالیہ آرجی ایس ٹی ٹیکس کے نفاذ سے تاجر برادری اورمختلف ایسوسی ایشنوں کےتحفظات اور ان میں پائی جانیوالی مشکلات کے حوالے سے رابطہ کمیٹی کے ارکان کوآگاہ کرتے ہوئے کہا کہ آرجی ایس ٹی ٹیکس کے نفاذ سےغریب متوسط طبقہ خصوصاً محدودتنخوادارتاجر برادری پر مزید بوجھ پڑے گا،لہٰذا آرجی ایس ٹی ٹیکس کے نفاذ سے ملک کے متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی زندگی اجیرن بن جائے گی،ضرورت ایسے اقدامات اورفیصلے کی ہے کہ جس سے عام شہری کومزیدمہنگائی کے بوجھ سے بچایاجائے اورانہیں ریلیف دیاجائے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے تاجر برادری کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم مشکل کی اس گھڑی میں ان تمام تاجروکاروباری برادری کیساتھ ہے جوملک کی ترقی وخوشحالی اورمعاشی صورتحال کومستحکم کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا موجودہ ٹیکس کا نظام امتیازپرمبنی ہے جو18 کروڑ میں سےصرف چندلاکھ افرادٹیکس دیتے ہیں جن میں بھاری اکثریت تنخواہ دار طبقے کی ہے۔انہوں نے کہا کہ آرجی ایس ٹی ٹیکس نیٹ کوبڑھانے کیلئے ڈسٹری بیوٹر،ہول سیلرز،ریٹیلرزپرتوجہ دی جارہی ہے اگریہ لوگ ٹیکس نیٹ میں آبھی جاتے ہیں توبہت زیادہ فرق نہیں پڑے گا جبکہ زرعی آمدنی پرٹیکس لگانے کی بات بالکل نہیں سنی جارہی ہےجس سے جی ڈی پی میں حصہ تقریباً23فیصد ہے جبکہ ٹیکس صرف 1 فیصد دیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اگرزرعی آمدنی پرٹیکس لگایاجائے تونہ صرف موجودہ مالی مشکلات سے نکلا جاسکتا ہے بلکہ پہلے سے لگائے ہوئے ٹیکسوں میں عام آدمی کورعایت بھی دی جاسکتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ آج ہزارروپے ماہانہ آمدنی والاتنخواہ دار ملازم انکم ٹیکس ادا کرتا ہے جبکہ کروڑوں روپے ماہانہ کی آمدنی رکھنے والاشخص صرف اس وجہ سےٹیکس ادانہیں کرتا کہ پاکستان میں زرعی آمدنی پرکوئی ٹیکس نہیں لگا جاتا ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کےحق پرست عوامی نمائندوں نے تجارتی اورکاروباری برادریوں کی جانب سے تمام ترتحفظات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی سفارشات اورگزارشات کودونوں ایوان میں پیش کرچکی ہےاب حکومت کوچاہئے کہ وہ اپنے فیصلے پرنظرثانی کرےاورعوامی خواہشات اورامنگوں کےمطابق اقدامات کرے۔اس دوران وفدنے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کی جانب سے آرجی ایس ٹی کی مخالف حوالے سےءفیصلے پراصولی مئوقف اختیارکرنے پرانکازبردست خیر مقدم کیااورانکاشکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆